رجسٹریشن نمبر (88/2021)

# سالانہ کارکردگی رپورٹ

## یکم اپریل 2022ء تا مارچ 2023ء


www.tahaffuz-khatmenubuwwat-nzb.com

YouTube tahaffuz khatme nubuwwat nzb

mtknsnzb1@gmail.com


تیار کردہ : تحفظ ختم نبوت ایجوکیشنل و چیاریٹیبل ٹرسٹ ضلع نظام آباد

# ٹرسٹ کے اغراض و مقاصد

☆ مکاتبِ قرآنیہ کا قیام: مسلمان بچوں کو قرآن مجید اور دین کی بنیادی تعلیم سے آراستہ کرنا۔

☆ مساجد کو اذانوں و نمازوں سے آباد رکھنے کیلئے اماموں کا تقرر کرنا۔

☆ قادیانیت، عیسائیت، شکیلیت وفیاضیت وغیرہ کی گمراہی سے مسلمانوں کو آگاہ کرنا۔

☆ عام مسلمانوں میں شعور بیداری کے لئے عوامی اجتماعات وجلسوں کا انعقاد کرنا۔

☆ بیوہ، معمرین، معذورین و بے سہارا افراد میں ماہانہ وظائف کی تقسیم کرنا۔

☆ غریب مسلمانوں کو اسلامی عیدوں (رمضان عیدالفطر وعیدالاضحیٰ) کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے راشن اور گوشت کی تقسیم کرنا۔

## تحفظ ختم نبوت ایجوکیشنل وچیارٹیبل ٹرسٹ، ضلع نظام آباد کے ٹرسٹیز


| | | |
|---|---|---|
| صدر : | حضرت مفتی سعید اکبر صاحب | 9533175154 |
| نائب صدر : | مولانا سید عماد الدین احمد صاحب | 9010681935 |
| جنرل سکریٹری : | مولانا شجاع الرحمٰن طلحہ صاحب | 7842246027 |
| جوائنٹ سکریٹری : | مفتی عبدالمعز شامزی صاحب | 9966321500 |
| خازن : | حافظ مجیب احمد خان صاحب | 9550152211 |
| ☆ | مولانا شاہد علی صاحب (نرمل) | 9490561678 |
| ☆ | مولانا سید اکرام الدین احمد صاحب (آرمور) | 9951999982 |

# سالانہ کارکردگی رپورٹ تحفظ ختم نبوت ایجوکیشنل وچیارٹیبل ٹرسٹ، ضلع نظام آباد

## یکم اپریل 2022ء تا مارچ 2023ء

۱) **مکاتب کی کارکردگی رپوٹ** : تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام 395 دیہاتوں میں اُمت کے 8335 (آٹھ ہزار تین سو پینتیس) نونہالوں کے لئے تعلیم وتربیت کا نظم کیا جاتا ہے۔ جس میں بچوں کو نورانی قاعدہ، ناظرہ قرآن، دینیات، اسلامی عقائد واخلاق کی تعلیم دی جاتی ہے۔اورنماز کی عملی مشق بھی کروائی جاتی ہے۔اوراس تعلیم کیلئے (370) مُعلّموں کا انتظام کیا گیا ہے۔اوران مُعلّمین کی نگرانی کیلئے (15) ناظرین وصدور متعین ہیں۔ جواس کی ماہانہ واری رپورٹ دفتر کو پہونچاتے ہیں۔

**مکاتبِ قرآنیہ اوران کے سنٹرس و مُعلّمین وناظرین کی تعداد اوران کے مشاہرہ جات کی فہرست حسب ذیل ہے۔**

| سلسلہ نمبر | سنٹر کا نام | سنٹرس کے صدور وناظرین | کل مکاتب | کل تعداد معلمین | کل تعداد طلبہ وطالبات | مشاہرہ جات |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | نظام آباد (زون 1) | مولانا جابر صاحب | 40 | 39 | 826 | **1,07,200/-** |
| 2 | نظام آباد (زون 2) | حافظ کلیم صاحب | 12 | 10 | 445 | **18,000/-** |
| 3 | نظام آباد (زون 3) | مفتی فیض الرحمٰن صاحب | 32 | 39 | 634 | **75,000/-** |
| 4 | بھیمگل | حافظ جلال الدین صاحب | 20 | 18 | 295 | **40,000/-** |
| 5 | کاماریڈی | حافظ فہیم الدین صاحب | 11 | 09 | 173 | **35,700/-** |
| 6 | بانسواڑہ | مولانا نواز صاحب | 37 | 37 | 689 | **93,000/-** |
| 7 | بچکندہ | مفتی محبوب صاحب | 39 | 39 | 1102 | **32,000/-** |
| 8 | مٹ پلی | مفتی عبدالمعز صاحب | 22 | 20 | 395 | **49,000/-** |
| 9 | جیوتی | مولانا منیر الدین صاحب | 10 | 10 | 152 | **20,000/-** |
| 10 | بودھن | مفتی جابر صاحب | 68 | 50 | 1800 | خود مکتفی |
| 11 | آرمور | مولانا سید اکرام الدین صاحب | 22 | 22 | 330 | **18,000/-** جزوی امداد |
| 12 | بھینسہ | حافظ عبداللطیف صاحب | 40 | 40 | 910 | **8000/-** جزوی امداد |
| 13 | اٹنور وجتا رام | مولانا سلیم الدین صاحب | 14 | 11 | 216 | **15,000/-** |
| 14 | راجم پیٹ | مفتی عرفان صاحب | 5 | 4 | 75 | **10,000/-** |
| 15 | نندی پیٹ | مفتی فیاض صاحب | 23 | 22 | 293 | **43,000/-** |
| | | جملہ | **395** | **370** | **8,335** | **5,52,900** |

☆کل تعداد مکاتب (395) ☆کل معلمین (370) ☆کل طلبہ وطالبات (8,335) ☆جملہ تنخواہیں (5,52,900)

**سالانہ مسابقہ قرآن کریم** : 6/نومبر 2022ء کو شہر نظام آباد میں بمقام: احاطہ انجمن اسلامیہ میں سالانہ مسابقہ منعقد ہوا۔ جسمیں جملہ مکاتب قرآنیہ کے 17 منڈلوں 27 دیہاتوں سے 35 طلباء وطالبات نے شرکت کی۔ جسمیں ممتحن کی حیثیت سے مولانا ہاشم صاحب اور مہمان خصوصی حضرت مولانا خضر احمد خان صاحب مدعو رہے ہیں۔ ماشاللہ ہر سنٹر کے طالب علم نے اچھا تعلیمی مظاہرہ پیش کیا۔ اس مسابقہ میں ایک ایسا بھی طالب علم شریک تھا۔ جسکا علاقہ مکمل طور پر قادیانیت سے متاثر تھا۔ اور کئی بستیاں قادیانی فتنے کی زد میں تھیں۔ ایسے بے دینی کے ماحول سے متاثرہ علاقے کے طالب علم نے درجہ سوم سے کامیابی حاصل کی۔ اور اسے انعام وسند سے نوازا گیا۔ یقیناً یہ کرم الٰہی اور دفتر کی دل سوز محنتوں کا نتیجہ ہے۔ فللہ الحمد حمداً کثیراً والصّلا ۃ السّلام علی نبیہ دائماً ابداً۔

## سالانہ مسابقہ کی اجمالی رپورٹ

| سلسلہ نمبر | شریک مسابقہ طلبہ وطالبات کی کل تعداد | (32) | انعامات | کیفیت |
|---|---|---|---|---|
| 1 | انعامی یافتگان طلبہ وطالبات | (7) | 6300/- روپیئے | اول، دوم، سوم |
| 2 | ترغیبی انعام | (25) | 2500/- | فی طالب علم (100) روپیئے |
| 3 | تشجیعی انعام برائے معلمین | (07) | 3500/- | فی انعام (500) روپیئے |
| | | جملہ انعام | 12,500/- | |

اس کے علاوہ دفتر ختم نبوت ایجوکیشنل وچیاریٹبل ٹرسٹ کے معاونین نے بھی اپنی طرف سے برسرے موقع ان تمام طلبہ وطالبات کو نقد رقومات اسی طرح سلطانس شوروم کی طرف سے ایک ڈریس دینے کا اعلان ہوا۔

## لڑکیوں کے لئے عصری و دینی تعلیم کا ادارہ دارالصالحات

تحفظ ختم نبوت ٹرسٹ ضلع نظام آباد جہاں ایک طرف دیہاتوں میں رہنے والے مسلمان بچوں کے ایمان کی حفاظت کیلئے اور قرآن پاک کی دینی واخلاقی تعلیم اور انسانی تربیت کے لئے جہاں دیہاتوں میں مکاتب قائم کرنے میں مصروف کار ہیں۔ اسی طرح دوسری طرف شہر اور شہر کی سلم بستیوں میں رہنے والی عصری تعلیم یافتہ لڑکیوں میں دینی تعلیم وروحانی تربیت سے آراستہ کرنے کیلئے ادارہ دارالصالحات کے ذریعہ حتی المقدور سعی کی جاتی ہے۔ اس ادارہ کے تحت نرسری تا پنجم جماعت دینی ماحول کیساتھ انگلش میڈیم کی تعلیم کیلئے شہر کے ایک اسکول میں باقاعدہ داخلہ دلوا کر تعلیم دی جاتی رہی۔ اسی طرح لڑکیوں اور بڑی خواتین کو ہنر مند بنانے کیلئے سلائی سنٹر بھی قائم ہے۔ جس کے ذریعہ وناموافق حالات میں اپنے بچوں کی کفالت کر سکے۔ نیز احساس کمتری کا شکار نہ ہو سکے۔ اس ادارہ میں چھوٹی لڑکیوں کے لئے قرآن پاک کو تجوید سے پڑھانے کیلئے شعبہ ناظرہ کا بندوبست ہے۔ اور جو طالبات قرآن پاک حفظ کرنا چاہتی ہیں، انکے لئے شعبہ حفظ کا انتظام بھی ہے۔ اور قریب النکاح لڑکیاں اور شادی شدہ خواتین کے لئے ششماہی تربیتی کورس کا بھی نظام جاری ہے۔ علاوہ ازیں تین سالہ مؤمنہ کورس جسمیں ہائی اسکول اور کالجوں میں پڑھی ہوئی لڑکیوں کو تجوید کے ساتھ قرآن مجید، سیرت طیبہ، شرعی مسائل، قرآن فہمی واخلاقی

تربیت اور خوب صورت ازواجی زندگی پر مشتمل کتابیں بھی پڑھائی جاتی ہیں۔

## ادارہ کے شعبہ جات

| تفصیلات | شعبہ جات | سلسلہ نمبر |
|---|---|---|
| نرسری تا پنجم | انگریزی تعلیم (آٹھ سالہ) | 1 |
| | سلائی سنٹر | 2 |
| بڑی عمر اور شادی شدہ خواتین کیلئے | تربیتی کورس (ششماہی) | 3 |
| | مومنہ کورس (تین سالہ) | 4 |
| چھوٹی اور بڑی لڑکیوں کے لئے | شعبہ ناظرہ مع تجوید | 5 |
| بڑی لڑکیوں اور شادی شدہ خواتین کیلئے | شعبہ حفظ مع تجوید | 6 |

**اس ادارہ کی کل معلمین ومعلمات واسٹاف کی تعداد 13 ہے۔ جسکا ماہانہ خرچ -/74000 روپیئے ہے۔**

**شعبہ دینی دوستی وتعمیر امت** : ٹرسٹ ہذا کے ذریعہ سے جہاں دیگر اقوام کیساتھ تعلقات کو استوار رکھنے کی سرگرمیاں عمل میں لائی جاتی ہیں۔ اسی طرح مسلم نوجوانون کو بے راہ روی، لااُبالی، ولاپرواہی کی زندگی سے اُونچے مقاصد اور اعلیٰ صفات کے حصول کے جذبے کے ساتھ زندگی گذارنے اور ملک وملت کے لئے بافیض وسودمند بننے کے لئے تعمیر امت کے نام سے ہفتہ واری کلاسس چلائی جاتی ہیں۔ جسمیں دینی و اخلاقی، لکچرس کے ساتھ اس کو باہمی ملاقاتوں اور یاد دہانیوں کے ذریعہ سے ریہرسل بھی کروائی جاتی ہے۔ الحمدللہ اس سے کئی نوجوان احباب وعلماء کرام بھی وابستہ ہیں۔ اور اس کی ترقی وعملی مشق کی فکریں جاری وساری ہے۔

**لائبریری کاقیام** : عوام میں علمی تشنگی کی سیرابی اور علمی مزاج کی بقاء کے لئے ''امام المحدیثین'' کے نام ایک لائبریری کے نظم وضبط اور نگران کا تقرر اور تنخواہ کی فراہمی دفتر کی جانب سے کی جاتی ہے۔ یہ لائبریری شہر میں احمد پورہ کالونی میں واقع ہے۔

**معمرین و معذورین و بیوہ گان کی ماھانہ امداد** : ٹرسٹ ہذا کے ذریعہ سے جس طرح ایجوکیشنل سسٹم کو آگے بڑھانے اور تعلیم وہنر کی سرگرمیوں کے بارے میں فکر کیجاتی ہے۔ اسی طرح کئی رفاہی وفلاحی خدمات بھی انجام دی جاتی ہیں۔ جسمیں معمرین ومعذورین وبیوہ گان میں ماہانہ وظائف کی تقسیم ہے اور ہر ماہ 300 روپیئے کی مدد سے (166) افراد کو وظیفہ دیا جاتا ہے۔ جسکا ماہانہ خرچ تقریباً اونچاس ہزار آٹھ سو (49,800) روپیئے ہے۔

### معمرین ومعذورین وبیوگان کی فہرست

| ماہانہ وظیفہ کی رقم | تعداد معذورین وبیوہ گان | سنٹر کا نام | سلسلہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 8,100/- | 27 | نظام آباد | 1 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 2 | برکور | 9 | 2,700/- |
| 3 | بانسواڑہ | 43 | 12,900/- |
| 4 | مٹ پلی | 61 | 18,300/- |
| 5 | جتّارام | 26 | 4,800/- |
| | | جملہ = **166** | جملہ رقم = **49,800/-** |

**رمضا ن الـمبا رک میں راشن پیاکیچجس اور عید فوڈ پیاکٹس کی تقسیم** : ٹرسٹ ہذا کے ذریعہ سے رمضان المبارک کے موقع پر دیہات اور شہر کے سلم محلوں میں غریب مسلم افراد میں رمضان کے موقع پر افطاری اور راشن تقسیم کیا جاتا ہے۔تا کہ ان میں ماہ مقدس کی مناسبت سے روزہ رکھنے کا شعور اور شوق پیدا ہو۔اور وہ بھی اس ماہ مبارک کی سعادتوں و برکتوں سے مستفیض ہوں۔اور اسی طرح عید الفطر کے موقعہ پر عید فوڈ پیاکٹس بھی تقسیم کئے جاتے ہیں۔

**عید الاضحی کے موقع پر غربا ء میں گوشت کی تقسیم** : عید الاضحیٰ کے اس مبارک وخوشی کے موقع پر دیہاتوں کے غریب مسلمان بھائیوں میں گوشت کی تقسیم عمل میں لائی جاتی ہے۔تا کہ ان کی دلجوئی و دل داری ہو سکے۔اور وہ بھی اس عید کی خوشیوں میں شامل ہو سکے۔جس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

**9 سنٹرس کے 30 منڈلوں کے 170 دیہاتوں میں گوشت کی تقسیم**

| سلسلہ نمبر | سنٹر کا نام | پیاکٹس کی تعداد |
|---|---|---|
| 1 | نظام آباد زون | 550 |
| 2 | آرمور | 420 |
| 3 | مٹ پلی | 500 |
| 4 | بھیمگل | 450 |
| 5 | جینور | 400 |
| 6 | بانسواڑہ | 450 |
| 7 | بچکندہ | 480 |
| 8 | نندی پیٹ | 520 |
| 9 | اُٹنور | 568 |
| | جملہ | **4,338** |

## ادارہ انجمن اسلامیہ کا احیاء

**ماہ مئی 2022ء کی کارکردگی:-** شہر کا ایک سب سے قدیم ادارہ ہے۔ جوگذشتہ 5 سالوں سے بند پڑا ہوا ہے۔ جسمیں طلباء کا رجوع نہیں تھا ۔اور تحفظ ختم نبوت ٹرسٹ کا دفتر بھی اسی مدرسہ کی عمارت میں بحیثیت کرایہ کے واقع ہیں ۔اس ادارہ کے انتظامی کمیٹی کے احباب نے بار ہا مفتی سعید اکبر صاحب صدر دفتر سے گذارش کرتے رہے کہ اس کی تعلیمی نگرانی قبول فرمالیں ۔ادارہ کو جن احباب نے جن دینی مقاصد کیلئے وقف کیا ہے، اسکا صحیح استعمال ہو۔ متعدد بار اصرار کے بعد مفتی سعید اکبر صاحب نے اس شرط کیساتھ قبول فرمایا کہ تعلیمی نگرانی کا مکمل اختیار علماء کرام واہل علم کو ہوگا۔ چنانچہ الحمدللہ 19 رمئی 2022ء، ۱۰رشوال المکرّم ۱۴۴۳ھ کو تعلیمی سال کا آغاز ہوا ہے۔اور بڑی مسرت کی بات یہ ہے کہ ابتداء ہی میں 10 طلباء کا دارالاقامہ میں داخلہ ہوا ہے۔اور 20 طلباء کا شہری داخلہ ہوا ہے۔ جملہ 30 طلباء اور ایک معلم شعبہ ناظرہ وقرآن پاک کیلئے اسی طرح ایک ٹیچر عصری تعلیم کیلئے طئے ہوئے ۔سال کے اختتام تک طلبہ کا کچھ اضافہ ہوتا رہا ہے۔اس ادارہ میں خصوصیت یہ ہے کہ دینی تعلیم کے ساتھ عصری تعلیم کے حصول کیلئے ادارہ سے قریب ایک انگلیش میڈیم اسکول میں باقاعدہ طلباء کا داخلہ دلوا کر عصری تعلیم دی جاتی رہی۔

## آٹھ روزہ ورکشاپ برائے معلمین

تحفظ ختم نبوت ٹرسٹ مکاتب کے استحکام کے لئے روز اوّل سے مختلف منصوبے اور تدابیر اختیار کرتی رہتی ہے۔اسی ضمن میں مفتی سعید اکبر صاحب صدر تحفظ ختم نبوت ٹرسٹ نے صوبہ گجرات کے مشہور ومعروف مدرسہ دارالعلوم جامعہ قاسمیہ، رتن پور سے رابطہ کیا ہے۔(جہاں پر مستقل ایک شعبہ تدریب المعلمین برائے مکاتبِ قرآنیہ قائم ہے۔جسکے تحت ملک بھر میں محنت کی جاتی ہے۔اس ادارہ نے دو مجرب وجود اور کہنہ مشق علماء حضرت مولانا قاری محمد اسلم صاحب اور حضرت مولانا اشرف صاحب دامت براتہم کو طئے کر کے آٹھ روز کے لئے نظام آباد روانہ فرمایا ہے۔جنھوں نے ٹرسٹ کے تحت 395 مکاتبِ قرآنیہ کے معلمین کی تدریب کئے ہیں۔اس میں عمدہ طریقے سے تدریب حاصل کرنے کی غرض سے انتظامیہ نے سہولت کی خاطر اس کے ساتھ زون بنائے ہیں، جس کی تفصیل اسطرح ہے۔

| سلسلہ نمبر | تاریخ | وقت | کس مقام پر | سنٹرس | تعداد معلمین |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 18رستمبر 2022ء | مکمل ایک دن | جامع مسجد، بھیمگل | مٹ پلی/ بھیمگل/ آرمور | 62 |
| 2 | 19رستمبر 2022ء | " | مدرسہ مصباح الھدیٰ، اندرانگر کالونی، کاماریڈی | کاماریڈی / شہر کے بعض اہل مدارس | 75 |
| 3 | 20رستمبر 2022ء | " | مسجد عابدین، بچکندہ | بانسواڑہ/ بچکندہ | 90 |
| 4 | 21رستمبر 2022ء | " | مسجد مدار خان، بھینسہ | بھینسہ / شیونی | 60 |
| 5 | 22رستمبر 2022ء | " | مدرسہ انجمن اسلامیہ، نظام آباد | تین زون | 55 |
| 6 | 24رستمبر 2022ء | " | مسجد علیم، رئیس پیٹ، بودھن | بودھن / نندی پیٹ | 55 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 7 | 25 ستمبر 2022ء | " | مدرسہ عائشہ صدیقہ، اُٹنور | اُٹنور / جنیور / جیوتی | 35 |

**ماہ اکٹوبر کی کارکردگی :** دفتر کے نظام کو ڈیجیٹل انداز میں تمام سنٹرس کے صدور و ناظرین کرام کو اسی طرح ہر معلم کو اس بات کی ہدایت دی جا رہی ہے کہ اپنے کام کے اوقات میں کام کو ترجیح دیں۔ تمام کے آدھار کارڈس اور بینک کی پاس بک طلب کی گئی، تاکہ تنخواہوں کا نظام بینک کے ذریعہ سے ہو۔

## تمام صدرو و ناظرین کا سفر رتن پور

ماہ نومبر کی کارگردگی : ماہ سپٹمبر میں معلمین کا جو آٹھ روزہ ورکشاپ ہوا ہے۔ جسکے اچھے نتائج سامنے آرہے ہیں۔ اور یہ محسوس کیا گیا کہ اس سے قبل جتنے ورکشاپ پروگرام منعقد ہوئے ہیں، اُن تمام میں سے یہ تعلیمی طریقہ کار اسہل معلوم ہوئی ہے۔ اس لئے صدر دفتر نے یہ طئے کیا کہ اس تعلیمی نظام کو نافذ کرنا ہے۔ جسکے لئے اوّلاً ذمہ داروں کو اس طرزِ تعلیم سے بصیرت حاصل ہو۔ اس کے لئے 2/ ڈسمبر 2022ء کو مدرسہ دارالعلوم جامعہ قاسمیہ، رتن پور کا سفر شروع ہوا۔ جسمیں ہر سنٹر کے صدور و ناظرین شریک سفر رہے ہیں۔ جس کی تفصیل اسطرح ہے۔

| سلسلہ نمبر | سنٹر | اسمائے ذمہ دار | کتنے دن |
|---|---|---|---|
| 1 | صدر دفتر نظام آباد | حضرت مفتی سعید اکبر صاحب (صدر) | 6 |
| 2 | نظام آباد زون نمبر 1 | مولانا جابر صاحب قاسمی (ناظر) | " |
| 3 | نظام آباد زون نمبر 2 | مفتی فیض الرحمٰن صاحب (ناظر) | " |
| 4 | مٹ پلی شاخ | مفتی عبدالمعز شامزی صاحب (صدر) | " |
| 5 | بھیمگل شاخ | حافظ جلال الدین صاحب (صدر) | " |
| 6 | آرمور شاخ | مولانا سید اکرام الدین صاحب مفتاحی (صدر) | " |
| 7 | بانسواڑہ شاخ | مولانا نواز حسامی صاحب (صدر) | " |
| 8 | بچکندہ شاخ | مفتی محبوب صاحب (صدر) | " |
| 9 | بودھن شاخ | حافظ اسعد صاحب (ناظر) | " |
| 10 | بھینسہ شاخ | مفتی عرفان صاحب (ناظر) | " |
| 11 | شیونی شاخ | مولانا محمود صاحب اشاعتی (صدر) | " |
| 12 | نندی پیٹ شاخ | مفتی فیاض صاحب (صدر) مولانا فیروز صاحب (ناظر) | " |
| 13 | جگتیال | حافظ اسماعیل صاحب | " |
| 14 | بودھن | مولانا شبیر صاحب اشاعتی | " |

# یک روزہ تفہیم ختم نبوت ورکشاپ

ماہ ڈسمبر کی کارگردگی : یہ ورکشاپ 31/ڈسمبر 2022ء بروز ہفتہ بعد عصر تا یکم جنوری 2023ء بروز اتوار بعد عشاء تک منعقد ہوا مجلس تحفظ ختم نبوت ٹرسٹ تلنگانہ وآندھرا کی زیر نگرانی میں بمقام: ادارہ انوار المدارس، بابن صاحب پہاڑی، نظام آباد میں منعقد ہوا ۔جس کے تمام تر انتظامات تحفظ ختم نبوت ایجوکیشنل وچیاریٹیبل ٹرسٹ، ضلع نظام آباد اور دیگر معاونین واصحابِ خیر کے ذریعہ بحسن خوبی تکمیل کو پہونچے ۔جسمیں پوری ریاست اور شہر حیدرآباد، نظام آباد کے جید علماء کرام اور مشہور ومعروف مفیان کرام نے اپنے اپنے موضوعات کونہایت سنجیدگی وشائستگی اور بہت ہی آسان ودل نشین انداز میں حاضرین تک پہونچایا۔حاضرین جلسہ میں اسکول وکالجس کے طلباء اور ٹیچرس وتعلیمی یافتہ طبقہ کے علاوہ مزدور پیشہ لوگ، تاجرین کو بھی مدعو کیا گیا ہے۔جوان مضامین وکوسن کر سمجھ کر یاد رکھنے کے لئے ان علماء کرام کی کتابوں کو بھی حاصل کیا تاکہ ان ایمان سوز فتنوں کو سمجھنے میں پوری بصیرت حاصل ہو، اور شہر یا اس کے اطراف منڈلوں میں جہاں کہیں بھی یہ فتنے خفیہ طور پر محنتیں کرنے کی اطلاع پر ان کا تعاقب اور دفاع کیا گیا۔

اس ورکشاپ کو جلسہ گاہ تک ہی محدود کرنے کے بجائے، The Massage Media یوٹیوب چینل کے ذریعہ بھی نشر کیا گیا۔تاکہ اسکولس کالجس اور جدید تعلیمی یافتہ طبقہ بھی ان فتنہ ساز، چالباز لوگوں کے فتنہ سے آگاہ ومحفوظ رہیں۔اس ورکشاپ میں تمام شرکاء کی تعداد آخر تک تقریباً 2500 تک تھی۔جسمیں چار وقت کے کھانے کا انتظام کیا گیا تھا، اور آخر میں حضرت مولانا ارشد علی قاسمی صاحب دامت برکاتہم (جنرل سیکریٹری مجلس تحفظ ختم نبوت ٹرسٹ، تلنگانہ وآندھرا) کا کلیدی خطاب ہوا۔جسکا تمام مجموعہ پر خصوصی اثر رہا ہے، گویا کہ ایک سماع سا بن گیا تھا، مطلوبہ مجموعہ کے علاوہ اور دیگر لوگوں نے بھی حصہ لیا۔پھر آخر میں صدر جلسہ حضرت مفتی سعید اکبر صاحب دامت برکاتہم (صدر تحفظ ختم نبوت ٹرسٹ، ضلع نظام آباد) کی رقت آمیز دُعا پر جلسہ کا اختتام ہوا۔الحمدللہ اس ورکشاپ کے موقع پر دفتر کے نام سے ویب سائیٹ اور یوٹیوب چینل جاری کرنے کا بھی اعلان کیا گیا، اور اس پر بھی کام کیا جارہا ہے۔

# ٹرسٹیان کی میٹنگ

ماہ جنوری 2023ء کی کارگردگی : اسی طرح بعض اہم اُمور اور خاص معاملے میں ٹرسٹ اپنے ٹرسٹیان کے ساتھ سال میں کم از کم تین بار میٹنگ کرتا ہے۔بعض اوقات ہنگامی معاملہ میں بھی میٹنگ ہوجاتی ہے۔اس سال جنوری کی 7 تاریخ کو ایک ٹرسٹیان کی میٹنگ طلب کی گئی ۔جسمیں چند اُمور طئے ہوئے، جو یہاں قابل ذکر ہے۔(۱) ہر بڑے محلوں میں خواتین کے دینی اجتماعات منعقد کئے جائیں، جسمیں ارتدادی فتنوں پر روشنی ڈالی جائے۔(۲) تمام علماء وائمہ سے اپیل کی جائے کہ کم از کم دو، تین جمعہ میں عقیدہ ظہور مہدی، نزول عیسٰی و خروج دجّال کے عناوین پر تفصیلی بات ہو، تاکہ فتنہ شکیلیت پر فی الفور لگام کسی جائے۔(۳) شہر کو چار زونوں میں تقسیم کر کے گشتی مہم ،عقائد کے کلاسس، اور گھر گھر پمفلیٹ تقسیم کئے جائیں۔اور اسکے انچارج مولانا سید اکرام الدین احمد مفتاحی صاحب کو بنایا گیا۔(۴) تمام علماء وائمہ شہر بشمول اہل حق کی تمام تنظیموں کے ذمہ داران کا ایک اہم کل جماعتی مشاورتی اجلاس دفتر پر رکھا جائے۔

# خواتین کے دینی اجتماعات

☆ اسی سلسلہ میں مختلف مقامات پر خواتین کے اجتماعات متعین کئے گئے ۔ پہلے مرحلہ میں دفتر ہذا کے تین بڑے محلوں ( دھاروگلی ، برکت پورہ ، لائن گلی ) پر مشتمل خواتین کا انجمن اسلامیہ کے گراونڈ میں ایک اجلاس طئے کیا گیا۔ جسمیں حضرت مفتی سعید اکبر صاحب و مفتی معیز شامزی صاحب کا خصوصی خطاب ہوا۔ اس اجلاس میں اتدادی فتنوں کی ایک گیالری بھی لگائی گئی، تا کہ خواتین اپنے انکھوں سے بھی ان مرتدین کو دیکھ سکے۔ خواتین کی بڑی تعداد اس میں موجود رہی ہیں ۔☆ دوسرا اجلاس ماہ جنوری ہی میں حلقہ چندر شیکھر کالونی سونی گیسٹ ہاوز میں رکھا گیا۔ جسمیں 500 سے زائد خواتین جڑی ۔ اسی طریقہ سے مرد احباب کی بھی کافی تعداد موجود رہی ہے ۔ اس اجلاس میں مولانا سید اکرام الدین احمد مفتاحی صاحب نے فتنہ فیاض بن یٰلیین اور فتنہ گو ہر شاہی سے متعلق تفصیلی روشنی ڈالی ۔☆ تیسرا اجلاس زیتیون کنوینشن ، بودھن روڈ پر منعقد ہوا۔ جسمیں شہر کے محلّہ فروٹ مارکٹ ، مالا پلی ، NRI کالونی، آٹو نگر، حبیب نگر، کھوجہ کالونی اور دیگر محلوں سے کثیر تعداد میں خواتین نے شرکت کی ۔ جسمیں حضرت مفتی سعید اکبر صاحب دامت بر اکاتہم کا ایمان کی اہمیت وارتدادی فتنوں سے کیسے محفوظ رہیں ۔؟ اس عنوان پر پُر سوز دل نشین انداز میں خطاب ہوا ہے۔

# کل جماعتی مشاورتی اجلاس

ماہ فروری 2023ء کی کارگردگی : فروری کی 15 تاریخ کو کلاس فنکشن ہال میں ایک کل جماعتی مشاورتی اجلاس منعقد ہوا۔ جسمیں شہر کے تمام مسالک معزز علماء کرام و دانشور احباب و دیگر دینی و ملی تنظیموں کے صدور کیساتھ ایک تفصیلی مشاورت ہوئی ہے ۔ جسمیں فتنوں کے تعلق سے احتیاطی تدابیر کے مشورے ہوئے ، اور امت مسلمہ کے ایمان و اسلام کی حفاظت کے لئے کیا کیا تدابیر اختیار کی جاسکتی ہیں ، اس پر پُر سکون انداز سے سیر حاصل مذاکرات ہوئے ہیں ۔ اور اس سلسلہ میں مختلف تدابیر و تجاویز آئیں ہیں ۔ جن کو قلمبند کیا گیا۔

# جھدِ مُسلسَل کے بعد نا پاک چہرہ سامنے

ڈسمبر سے فروری تک پے در پے کوششوں کے بعد شہر کے مضافاتی علاقہ ونا یک نگر مسجد اقصیٰ کے قریب ایک بدایمان و معلون شخص بنام سا جد حسین کا چہرہ بے نقاب ہوا۔ جو پچھلے کئی دنوں سے روزگار فراہمی میں مشغول نو جوانوں کو اپنے ظاہری اخلاقی ہمدردی کے ذریعہ انھیں اپنی طرف مائل کرتے ہوئے شکیل بن حنیف کو مہدی اور عیسیٰ منوانے کیلئے اپنے دامِ فریب میں پھنسا رہا تھا۔ الحمدللہ ختم نبوت ورکشاپ اور شب و روز جدو جہد کی بدولت اُسی محلے کے نو جوان لڑکوں نے اسکو بھانپ لیا ، اور مقامی علم دین حضرت مولانا مفتی شفیع صاحب امام و خطیب مسجد اقصیٰ سے رابطہ کر کے متنبہ کیا ، مفتی صاحب نے اس کو اُسی وقت اپنی گرفت میں لیکر تحفظ ختم نبوت کے ذمہ داروں کو اطلاع دی ہے ۔ اور اطلاع ملتے ہی مولانا سید اکرام الدین احمد صاحب مفتاحی نے آرمور سے فوراً اس مقام پر پہونچے ، اسی طرح مولانا شجاع الرحمٰن صاحب اور حافظ محمد لئیق خان صاحب ، و دیگر علماء کرام و حفاظ عظام بھی پہونچکر رمکمل و مدلل انداز سے افہام و تفہیم کی کوشش کی ، لیکن و شکیلی اپنی ضِد پر اڑا رہا ، جب یہ گفت و شنید کا کوئی فائدہ محسوس نہ ہوا تو پھر یہ علماء کرام نے اس کو پولس کے حوالے کر دیا گیا۔ ابتدائی قانونی کاروائی کے بعد اسکو 12 دن کے ریمانڈ پر سنٹرل جیل نظام آباد منتقل کیا گیا۔